فوری ریلیز کے لیے: 17/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا سیکرٹری برائے وطن کی سلامتی کے نام خط: لاکھوں تارک وطن افراد کے لیے عارضی تحفظ یافتہ حیثیت ختم کرنا ایک غیر ذمہ دارانہ اور غیر انسانی اقدام ہے

گورنر Hochul نے عارضی تحفظ یافتہ حیثیت ختم کرنے کی سخت مخالفت کا اعادہ کیا؛ محکمہ ہوم لینڈ سیکیورٹی پر زور دیا کہ وہ اپنا فیصلہ واپس لے

خط کی نقل یہاں دستیاب ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے امریکی محکمہ ہوم لینڈ سیکیورٹی (U.S. Department of Homeland Security, DHS) کے سیکریٹری Markwayne Mullin (مارک وین مولن) کو ایک خط جاری کیا، جس میں عارضی تحفظ یافتہ حیثیت (TPS) کے تحت لاکھوں تارک وطن افراد کے تحفظ کو ختم کرنے کی اپنی سخت مخالفت کا اعادہ کیا۔

خط کا مکمل متن حسب ذیل ہے:

محترم سیکرٹری Mullin (مولن):

میں صدر Trump (ٹرمپ) کے ساتھ ہونے والی اپنی گفتگو کے حوالے سے فالو اپ کرنے اور عارضی تحفظ یافتہ حیثیت (TPS) کے تحت لاکھوں تارک وطن افراد کے تحفظ کو ختم کرنے کی اپنی سخت مخالفت کا اعادہ کرنے کے لیے یہ خط لکھ رہی ہوں۔

قانونی طور پر مقیم افراد کے لیے TPS کو اچانک ختم کرنا انتہائی بے حسی کا مظاہرہ ہے، جس میں ہیٹی کے باشندوں کے لیے اس کا حالیہ خاتمہ اور ایل سلواڈور کے باشندوں کے لیے آئندہ خاتمہ بھی شامل ہے۔ اس کے نتیجے میں ریاست نیو یارک اور مقامی حکومتیں اگلے ہفتے ہی سینکڑوں ضروری ملازمین کی ملازمتیں ختم کرنے پر مجبور ہو جائیں گی، جس سے ان کا ذریعہ معاش اور ممکنہ طور پر ان کی حفاظت بھی، خطرے میں پڑ جائیں گے۔

یہ اثر صرف سرکاری ملازمین تک محدود نہیں ہے بلکہ ہماری پوری ریاست میں نجی سیکٹر کی انڈسٹریز پر بھی مرتب ہوگا۔ ہماری افرادی قوت اور کمیونٹیز کے ان افراد کو اچانک ہٹائے جانے سے اُن اہم خدمات پر اثر پڑے گا جن پر نیو یارک کے باشندے انحصار کرتے ہیں، اور اس کا خاص طور پر نگہداشت صحت کی انڈسٹری پر شدید اثر ہوگا، جس سے ہمارے بزرگ شہری اور نیو یارک کے دیگر کمزور باشندے خطرے میں پڑ جائیں گے۔

کئی نسلوں سے، نیو یارک نے آفات یا ظلم و ستم سے فرار ہونے والوں اور بہتر مستقبل کی تلاش کرنے والوں کا خیر مقدم کیا ہے۔ ہمارے دفتر برائے نئے امریکی (Office for New Americans) کے ذریعے، میری انتظامیہ نے TPS درخواستوں میں معاونت اور قانونی نمائندگی فراہم کر کے نیو یارک کے ہزاروں باشندوں

کی مدد کی ہے۔ نیو یارک TPS کے حامل افراد کی معاونت کے لیے پُرعزم ہے اور تارک وطن کمیونٹی کو نقصان سے بچانے کے لیے اپنے اختیار میں موجود ہر ممکن اقدام جاری رکھے گا۔

ہزاروں فیملیز کو جان بوجھ کر اور بے رحمی سے ہمارا ملک چھوڑنے پر مجبور کر کے اور انہیں جاری یا بگڑتے ہوئے انسانی بحرانوں سے قطع نظر ان کے آبائی ممالک واپس بھیج کر، وائٹ ہاؤس ایک غیر ذمہ دارانہ اور غیر انسانی اقدام کر رہا ہے۔ لیکن ابھی بھی فیصلہ واپس لینے میں دیر نہیں ہوئی۔

میں ایک بار پھر آپ پر زور دیتی ہوں کہ اُن افراد کے لیے TPS مکمل طور پر بحال کیا جائے جو شدید عدم استحکام، تشدد اور TPS کے لیے نامزد ممالک میں جاری بحرانوں کے باعث واپس نہیں جا سکتے۔ ان افراد نے ہماری کمیونٹیز اور ہماری معیشت میں بے حد اہم کردار ادا کیا ہے اور ہماری ریاست کی شناخت متعین کرنے میں مدد کی ہے۔

TPS کا وجود ہی اس لیے ہے کہ لوگوں کو خطرے کی جانب واپس جانے پر مجبور نہ کیا جائے۔ جب قانون تحفظ کے لیے واضح راستہ فراہم کرتا ہو تو انتظامیہ کو جان بوجھ کر لوگوں کو دوبارہ ایسی صورتحال میں نہیں بھیجنا چاہیے جہاں انہیں نقصان کا خطرہ ہو۔

میں اس فوری معاملے پر آپ کے جواب کا بے صبری سے انتظار کر رہی ہوں۔ ہم، بحیثیت رہنما اور بحیثیت امریکی، سب کے وقار، تحفظ اور بنیادی ذریعہ معاش کے تحفظ اور اسے برقرار رکھنے کی ذمہ داری رکھتے ہیں۔

مخلصانہ،
Kathy Hochul (کیتھی ہوکل)
گورنر

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔